۴۔ ڈاکٹر نبی بخش بلوچ۔ شخصیت اور فن

مصنف: محمد راشد شیخ

ناشر: اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد

ضخامت: ۱۶۵ سنۂ اشاعت: ۲۰۰۷ء

مبصر: سیّد عطاء اللہ حسینی، سابق صدر شعبۂ معارف، اسلامیہ جامعہ ملیہ کالج، کراچی۔

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ بین الاقوامی شہرت یافتہ محقق اور دانش ور ہیں۔ یہ وہ واحد پاکستانی زندہ وتابندہ عالم ہیں جو گذشتہ چھے دہائیوں سے زائد عرصے سے خود کو بلا انقطاع علم و تحقیق سے وابستہ کیے ہوئے ہیں۔ آج جب کہ ان کا رخش عمر ۹ دہائیاں عبور کر چکا ہے۔ اس وقت بھی وہ پوری مستعدی اور دل جمعی کے ساتھ علمی اور تحقیقی کاموں میں مشغول ہیں۔ ڈاکٹر بلوچ صاحب صحیح معنی میں ہفت زبان دانش ور ہیں، ان کے علمی کارنامے پانچ زبانوں میں شایع ہوکر محفوظ ہو چکے ہیں، یہ زبانیں سندھی، عربی، اُردو، فارسی اور انگریزی ہیں۔ ان کے علاوہ وہ بلوچی، پنجابی اور سرائیکی زبانیں بھی جانتے ہیں۔ خاص طور پر سندھی زبان میں ان کی علمی اور تحقیقی خدمات اتنی وسیع ہیں کہ ان کی وجہ سے وہ سندھی زبان و ادب کے سب سے بڑے محقق اور دانش ور قرار پا چکے ہیں۔ ڈاکٹر بلوچ صاحب ''سندھ یونیورسٹی'' جام شورو، کے سابق وائس چانسلر رہے ہیں اور بین الاقوامی ''اسلامی یونیورسٹی'' اسلام آباد کے بانی وائس چانسلر ہونے کا اعزاز بھی انھیں حاصل ہے۔ لیکن یہ حقیت اپنی جگہ بڑی اہم ہے کہ انتظامی مصروفیات ان کے علمی و تحقیقی کاموں میں کبھی حارج نہیں ہوئیں اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب ابتداء ہی سے منظم زندگی گزارنے کے عادی رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ''جو لوگ قلتِ وقت کی شکایت کرتے ہیں دراصل وہ کوئی کام کرنا ہی نہیں چاہتے، اگر انسان اپنے وقت کو منضبط انداز سے گزارے تو وہ بڑے کارنامے انجام دے سکتا ہے۔''

پیشِ نظر کتاب اپنے موضوع اور مواد کے اعتبار سے منفرد ہے۔ جس میں بڑی محنت اور سلیقے سے ڈاکٹر صاحب کے حالات زندگی اور ان کی علمی خدمات کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔ ان کی تصنیفی خدمات، ''شاہ جو رسالو'' سے متعلق تحقیقات، سندھی لوک ادب کے تحفظ کا منصوبہ، عربی میں تحقیقی خدمات، تاریخ سے متعلق تحقیقات، فارسی میں تحقیقی خدمات، لغت نویسی میں خدمات، اُردو میں تحقیقی خدمات اور ڈاکٹر بلوچ بہ حیثیت ماہرِ تعلیم ـــــ یہ اور اسی طرح کے دیگر موضوعات پر بڑی محنت سے معلومات پیش کی گئی ہیں۔ بلاشبہ یہ کتاب ڈاکٹر بلوچ کے حالات اور خدمات پر اُردو میں پہلی اور مستند کتاب قرار دی جاسکتی ہے جو آئندہ آنے والے محققین کے لیے مشعلِ راہ ثابت ہوگی۔

سوانح نگاری ایک دل چسپ موضوع ہے اور کئی اعتبار سے مفید بھی۔ جناب راشد شیخ صاحب کا یہ خاص موضوع رہا ہے۔ موصوف نے بڑے سلیقے سے ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کی شخصیت اور فن پر ان کی علمی اور تحقیقی خدمات کا جائزہ لیا ہے، علمی، ادبی اور تحقیقی حلقوں کی طرف سے وہ بجا طور پر شکریہ کے مستحق ہیں۔

O < ------ > O